تَبۡصِرَةً وَّ ذِكۡرٰى لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ ۝

نایاب مکتوبات

غوث وقت، وحید العصر، سراج السالکین، محبوب کبریا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰی خان نقشبندی مجددی قدس سرہٗ
کے نایاب مکتوبات

از

ڈاکٹر محمد وکیل احمد

بی ایس سی، بی ایڈ، ایم اے، پی ایچ ڈی

اسسٹنٹ پروفیسر

صدر شعبہ علوم اسلامیہ۔ سراج الدولہ گورنمنٹ کالج۔ کراچی

المصطفٰی ایجوکیشنل سوسائٹی، کراچی

تَبۡصِرَةً وَّ ذِكۡرٰى لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ٥

نایاب مکتوبات

غوث وقت، وحید العصر، سراج السالکین، محبوب کبریا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰی خان
نقشبندی مجددی قدس سرہ کے نایاب مکتوبات

از

ڈاکٹر محمد وکیل احمد

بی ایس سی۔ بی ایڈ۔ ایم اے۔ پی ایچ ڈی

صدر شعبہ علوم اسلامیہ۔ سراج الدولہ گورنمنٹ کالج۔ کراچی

المصطفٰے ایجوکیشنل سوسائٹی. کراچی

C/25، A-ایریا۔ لیاقت آباد۔ کراچی

نام کتاب---------------------------نایاب مکتوبات

مصنف / مؤلف-----------------------ڈاکٹر محمد وکیل احمد

سن اشاعت---------------------------مئی ۲۰۱۳ء

اشاعت------------------------------اول

مطبوعہ------------------------------عمرہ پرنٹر پاکستان چوک۔ کراچی

تعداد---------------------------------۵۵۰

قیمت--------------------------------- Rs.185/=

ناشر

المصطفٰے ایجوکیشنل سوسائٹی۔ کراچی

C/25، A-ایریا۔ لیاقت آباد۔ کراچی

E-mail: mwakil786@gmail.com

پیش لفظ

۱۹۷۹ء میں جب یہ ناکارہ فرسٹ ایئر کا طالبعلم تھا، اُس وقت بڑے بھائی رفیق احمد صاحب مرحوم (م ۲۰۰۷ء) کے توسط سے پی آئی بی کالونی، کراچی میں مرشدنا ومولانا الحاج حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب نقشبندی مجددی قدس سرہ (م ۲۰۰۵ء/ ۱۴۲۶ھ) کی غلامی کی نسبت حاصل ہوئی۔ حضرت صاحب قدس سرہ حیدرآباد سے کراچی تشریف لاکر ہر بدھ کو مغرب تا عشاء پی آئی بی کالونی کے گھر میں حلقہ ذکر کی مجلس منعقد فرماتے تھے۔ حیدرآباد (پرانی یونیورسٹی کیمپس) میں بھی ہر پیر اور جمعہ کو گھر میں حلقہ ہوتا تھا پھر جب المصطفٰی مسجد قائم ہوگئی تو مسجد میں یہ سلسلہ تاحیات جاری رہا اور اب حضرت صاحب قدس سرہ کے جانشین حضرت ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان صاحب نقشبندی مجددی دامت برکاتہم فیضیاب فرما رہے ہیں۔

یہ ناکارہ کراچی اور حیدرآباد کے حلقوں میں پابندی سے شریک ہوتا تھا اور درمیان میں بھی گاہے بگاہے حضرت صاحب قدس سرہ کی خدمت میں قدم بوسی کے لیے حاضر ہوتا رہتا تھا۔ بحمدہٖ تعالیٰ رمضان المبارک میں بھی شبینہ میں ہر سال حاضری نصیب ہوتی رہی۔ جب بھی کوئی بات معلوم کرنی ہوتی تو اکثر بالمشافہ حضرت صاحب قدس سرہ سے معلوم کرلیتا تھا اس لیے خط وکتابت کا سلسلہ کم ہی رہا۔ ضروری بات یا حالات وغیرہ

کے سلسلے میں حضرت صاحب قدس سرہ کی خدمت میں خط لکھ دیا کرتا تھا اور حضرت صاحب قدس سرہ فوراً جواب مرحمت فرمادیا کرتے تھے۔اس ناکارہ کے نام حضرت صاحب قدس سرہ کے سو سے زائد قیمتی مکتوبات تھے۔ حیدرآباد کے ایک صاحب نے مکتوبات شایع کرنے کی غرض سے اس ناکارہ سے لیے تھے' لیکن نہ تو مکتوبات شایع کیے گئے اور نہ ہی واپس کیے۔اُن سے بار بار واپسی کا تقاضہ کرتا رہا۔ بالآخر کئی سال بعد صرف چند خطوط کی رنگین صفحات پر فوٹو کاپیاں کلر مارکر سے نشانات لگا کر مرحمت فرمادیئے۔اللہ پاک اُن کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔آمین۔

کراچی کے ایک اَور صاحب بھی مجھ سے کئی خطوط شایع کرنے کی غرض سے لے گئے تھے لیکن وہ خطوط بھی نہ تو شایع ہوئے اور نہ ہی واپس ہوئے۔

میرے آقا حضرت صاحب قدس سرہ کے جتنے بھی خطوط دستیاب ہیں مجھ ناکارہ کے لیے تو نہایت قیمتی' نایاب اور یادگار ہیں۔لیکن مسلمان بھائیوں کے لیے ان مکتوبات میں بہت سی مفید اور اہم باتیں بھی ہیں اور حضرت صاحب قدس سرہ کی تعلیمات و نصائح سب بھائیوں کے لیے سودمند ثابت ہو سکتے ہیں'اس لیے ان مکتوبات کو شایع کیا جارہا ہے۔ ورنہ یہ ناکارہ تو کسی لائق ہی نہیں ہے۔

حضرت صاحب قدس سرہ کے بچپن کے دوست اور اس ناکارہ کے خسر حضرت ڈاکٹر سید محمد سعید صاحب علیہ الرحمہ (م ۱۹۶۹ء) کے نام جو چند خطوط ہیں ان کو اور خوشدامن صاحبہ مرحومہ کے نام خطوط کو بھی شامل کیا جارہا ہے۔ہمارے سلسلے کے بزرگ اور پیر بھائی حضرت رشید احمد صاحب علیہ الرحمہ (م ۲۰۱۱ء) (پاک کالونی والے) کے نام خطوط بھی شامل کیے جارہے ہیں جواب تک شایع نہیں ہوئے۔

ان مکتوبات کے حصول، ایڈیٹنگ اور اسکیننگ و تصحیح وغیرہ کے سلسلے میں حضرت محمد شفیع صاحب مدظلہ العالی، محترم آفتاب صاحب، محترم معین صاحب (کورنگی والے)، عزیزی محمد مبشر صاحب، عزیزی فرخ انصاری صاحب، عزیزی محمد۔عابد صاحب اور عزیزی فرزند علی صاحب، عزیزی عاصم مجید صاحب اور عزیزی جہاد بن حمید صاحب کا بے حد ممنون و مشکور ہوں۔اللہ پاک اپنے پیاروں کے صدقے ان تمام حضرات کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور سب کے درجات عالیہ کو خوب خوب بلند فرمائے۔آمین ثم آمین۔

اپنی نالائقیوں کے باوجود اس ناکارہ نے ہمیشہ اپنے آقا اور محسن و مربی حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب قدس سرہ کا پیار اور شفقت و محبت والی آنکھیں دیکھیں ہیں۔ لیکن یہ اعتراف بھی ہے کہ حضرت صاحب قدس سرہ کی کما حقہ قدر نہیں کی۔اللہ پاک نے اپنے پیاروں کے صدقے میں جس طرح دنیا میں اس سیاہ کار کی پردہ پوشی فرمائی ہے امید ہے آخرت میں بھی پردہ پوشی فرمائے گا۔انشاءاللہ

بس دعا ہے کہ اللہ پاک اپنے حبیب ﷺ، کل انبیاء علیہم السلام، کل بزرگان دین علیہم الرضوان کے صدقے اور طفیل میں خاتمہ بالایمان فرمائے اور آخرت میں حضرت صاحب قدس سرہ کی معیّت نصیب فرمائے، میری اولاد اور جمیع متعلقین کو ایمان پر قائم رکھے اور خاتمہ بالایمان فرمائے۔آمین۔ثم آمین

احقر۔محمد وکیل احمد

فروری 1995ء

باسمہ تعالیٰ ۔ حامداً و مصلیاً

PROFESSOR
Dr. Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D. Litt.

2, OLD UNIVERSITY CAMPUS
HYDERABAD, SINDH

Dated ۲۸ رمضان المبارک سنہ ۱۴۱۵ھ

والا مرتبت محترم حاجی محمد بشیر اللہ صاحب ۔ بابو رحمت اللہ صاحب ۔ بھائی عبدالکبیر خان ۔ ڈاکٹر اقبال علی، محمد شفیع صاحب ۔ ایوب صاحب ۔ وکیل احمد صاحب ۔ چاند خان صاحب

آپ حضرات سے بعد سلام مسنون عرض ہے کہ آپ لوگ اپنے اپنے مقامات میں حلقہ کراتے ہیں ۔ لیکن ہر ماہ میں ایک دن کوشش کرکے دوسرے بھائیوں کے حلقوں میں بھی شرکت فرمایا کریں ۔ تاکہ آپس میں محبت اور اتفاق قائم رہے ۔ اس بات کو بہت ضروری سمجھیں اور اپنے سلسلے کو فروغ پہنچائیں ۔ حضرت سعدی علیہ الرحمہ نے کیا خوب فرمایا ہے:۔

مرا پیر دانائے روشن شہاب ۔ دو اندرز فرمود بر روئے آب
یکے آنکہ بر خویش خود بیں مباش ۔ دگر آنکہ بر غیر بدبیں مباش

اللہ تعالیٰ دین میں زیادہ سے زیادہ علم، عمل اور اخلاص عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

فقط والسلام
احقر غلام مصطفیٰ

بھائی محمد بشیر اللہ صاحب کو ضعیفی کی وجہ سے مستثنیٰ سمجھیں

باسمہ حامداً و مصلیاً

PROFESSOR
Dr. Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D. Litt.

2, OLD UNIVERSITY CAMPUS
HYDERABAD, SINDH

Dated: ۱۳ اگست ۱۹۹۶ء

عزیز گرامی منزلت دام مجدکم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

آج گرامی نامہ ملا۔ آپ کی کس قدر محبت ہے۔
اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے مقبولین میں شمار فرمائے اور
آپ جیسے نیک صالح ابرار کے ساتھ آخرت میں
معیت نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین۔
آپ کے بے حد احسانات ہیں۔ دل سے دعاء
نکلتی ہے۔

گھر میں سب کو دعاء و سلام مسنون

آج کل بہت زیادہ کمزوری ہے۔ دعاء میں یاد رکھیں۔

فقط والسلام

احقر

۲۰۰۱ء

عزیز گرامی

دعا و سلام مسنون

آپ کے ارشاد کے

مطابق عرض کر دیا گیا ہے

کیونکہ یہ عاجز بھی

عرض کرنے کے قابل

نہیں ہے

ع شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

والسلام

[illegible]

۲ مارچ

PROFESSOR
Dr. Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D. Litt.

2, OLD UNIVERSITY CAMPUS,
HYDERABAD, SINDH.

Dated: 17-3-2001.

Certified that Mr. M. Wakil Ahmed has worked on the life and works of Maulana M. Qasim Nanotawi, under my guidance. He has successfully completed all the necessary chapters. I shall feel obliged, if the Hamdard University kindly accepts the thesis for examination.

Ghulam Mustafa Khan

حیدر آباد
۶ / جون
۲۸۶
جامد آو منقلبیا
1980ء

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا۔ حالات معلوم ہوئے۔ آپ دوسروں کی خدمت کرتے ہیں تو اللہ پاک آپ پر خصوصی انعام فرمائے گا اور خوب فضل فرمائے گا۔

بھائی صاحب اور بھائی عبدالکبیر صاحب کو سلام مسنون عرض کریں۔

جس طرح مراقبہ کر رہے ہیں کرتے رہیں۔ یہ خیال نہ کریں کہ اب دلجمعی نہیں رہی۔ ذاتی حالات سے تغیر ہو جاتا ہے۔ اللہ پاک فضل و کرم فرمائے گا۔ ہمت رکھیں۔ فقط والسلام

احقر [illegible]

۱۹۸۱ء

حامداً ومصلیاً

حیدرآباد
۲۰ رمضان المبارک

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔

کالی مرچ دردری میں پسوا کر رکھ لیں اور سوتے وقت
آدھی چمچی کھا کر تھوڑا سا گرم دودھ پی لیں۔
انشاء اللہ پیٹ صاف رہے گا۔ مقدار کم زیادہ
کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک آپ سب کو ہر طرح
نوازے۔ آمین۔ ثم آمین
سب عزیزوں کو سلام مسنون۔

فقط والسلام

لطف [illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۳ شوال المکرم

سنہ 1980ء

عید مبارک

عزیز گرامی قدر لکت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ ڈبل مبارکباد عرض ہے۔ اعتکاف بہت بڑی سعادت ہے۔ دو حج اور دو عمروں کا ثواب ملتا ہے۔ اللہ پاک آپ کی عبادتوں کو منظور و مقبول فرمائے اور اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

بہت خوشی ہوئی اور آپ کے لیے دل سے دعا نکلتی ہے۔ سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا۔ حسب قبول ہو۔

12

فقط والسلام

[illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۳۰ ستمبر 1980ء

عزیز مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ حالاتِ سلسلہ معلوم ہوئے۔
مراقبے میں دل نہ لگائیں گے تو ترقی کس طرح ہوگی؟
وہاں حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمہ کے مکان پر
جمعرات کو حلقہ ہوتا ہے۔ پابندی سے تشریف
لے جایا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔
اللہ پاک آپ کے تمام نیک مقاصد میں اعلیٰ
کامیابی عطا فرمائے اور اپنے مقبولین میں
شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام
احقر

1981ء

۴۸۶
[illegible]

حیدرآباد
۲۳ فروری

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا۔ اسی طرح مراقبہ میں پابندی رکھیے۔ دل میں ٹک ٹک کی آواز کو بھی اللہ اللہ سمجھیے۔ اللہ پاک استقامت عطا فرمائے گا۔ بھائی عبدالکبیر صاحب کے پاس پابندی سے جایا کریں۔ انشاءاللہ سب کام ٹھیک ہو جائیں گے۔

کھانا زیادہ کھانے میں حرج نہیں لیکن ورزش بھی کرنا چاہیے تاکہ اچھی طرح ہضم ہو جائے اور جزو بدن بن سکے۔ ملازمت مل جائے تو بہتر ہے۔

سب کو سلام مسنون۔ [illegible] صاحب قبول ہو۔

دعاگو
[illegible]

۷۸۶
باسمہ تعالیٰ

حیدرآباد
۹ مارچ ۱۹۸۱ء

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ ڈاڑھی بہت بہت مبارک ہو!

ایک سنت کو زندہ کرنے کا ثواب سو شہیدوں کے برابر ہے۔ آپ کسی کی پروا نہ کریں۔

اللہ کو خوش رکھنا ہے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کرنا ہے اور بس۔ یہی کام آئے گا۔

اگر اسلامی حکومت ہوتی تو ڈاڑھی کی مخالفت کرنے اور مذاق اڑانے والوں کی گردن اڑا دی جاتی۔ جو نہیں رکھتا وہ سخت گناہ گار ہے اور جو اس کا مذاق اڑاتا ہے وہ اسلام کا مذاق اڑاتا ہے۔

فقط والسلام

دعاگو [illegible]

۴۸۶
حامداً ومصلیاً

حیدرآباد
۷ جون ۱۹۸۱ء

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ مراقبہ پابندی سے کریں گے تو
انشاء اللہ خوب ترقی ہو گی اور جو
خامی آپ نے لکھی ہے وہ دور ہو جائے گی۔
اللہ پاک آپ سب کو دونوں جہانوں میں
اعلیٰ کامیابی عطا فرمائے اور اپنا
بنا لے۔ آمین ثم آمین۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا جب قبول ہو۔

فقط والسلام
فقیر [signature]

۲۸۷
حامد آدم صفیا

جولائی ۱۹۸۱ء

حیدرآباد
۲۳ رمضان المبارک

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

بہت بہت دعا و سلام مسنون - اعتکاف بہت بہت مبارک ہو
دو حج اور دو عمرے کا ثواب ملتا ہے - یہ توفیق ہر ایک کو نصیب
نہیں ہوتی - آپ کی والدہ صاحبہ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے - اللہ پاک آپ کو
اپنے مقبولین میں شمار فرمائے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی
شفقتیں نصیب فرمائے - آمین - ثم آمین

شب قدر کی عجیب عجیب کیفیات بزرگوں کو نظر آتی ہیں - لیکن
سب سے بڑی کیفیت یہ ہو کہ اللہ پاک کی رضا حاصل ہو جائے اور
یہ جذبہ مستحکم ہو جائے کہ اب کوئی کام اس کی رضا کے خلاف
نہیں کروں گا - انشاءاللہ - یہی اصل کامیابی ہے -

آخرت میں آپ مجھے نہ بھولیں - میں تو بہت ہی سیاہ کار ہوں
اللہ تعالیٰ پردہ رکھے ہوئے ہیں - دعا کا محتاج ہوں

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون - فقط والسلام احقر [signature]

۱۹۸۱ء

۲۸۶
[illegible]

حیدرآباد
۸- اکتوبر

عزیز مکرم و قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ آپ ایسی محبت رکھتے ہیں اور
میں کوئی خدمت نہیں کرتا۔ ذکر قلبی یعنی
دل کے ذکر میں بیٹھیں۔ پھر لطیفۂ روح
(داہنی طرف) کے ذکر میں بیٹھیں کہ وہاں سے بھی
اللہ اللہ ہو رہی ہے۔ بھائی عبدالکبیر صاحب سے
دریافت کر لیں۔ انشاءاللہ آپ خوب
ترقی کریں گے۔ سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا۔
قبول ہو۔

فقط والسلام
دعاگو
[illegible]

1982ء ۲۸۶ جمادی الاولیٰ حیدر آباد

۱۸ فروری

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط ملا۔ آپ سے ملاقات ہوئی ہے تو دل کو
بڑی راحت ملتی ہے۔ اللہ پاک آپ کے درجات
خوب خوب بلند فرمائے اور سب عزیزوں کو
آپ کے جیسے اوصاف عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔
آپ کے بھائی رفیق صاحب تشریف لائے تھے۔ اس وقت
میری طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ اُن کو بیٹھنے کے لیے
بھی عرض نہ کرسکا۔ بچے کا نام بہت پسند آیا۔
اللہ پاک نیک، صالح، حافظ اور عالم باعمل بنائے۔
آمین ثم آمین۔
آپ کے بڑے بھائی صاحب کی شادی اور ملازمت کی
خوشی ہوئی۔ اللہ پاک اُن کو دین میں بھی کامیاب
فرمائے۔ آمین ثم آمین۔
سب بزرگوں اور عزیزوں کو سلام مسنون و دعا حسب
قبول ہو۔ فقط والسلام

احقر

1982ء ۶

حامداً و مصلیاً

حیدرآباد

۶ جون

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ اللہ پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے اور اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اعتکاف کا خیال ہے تو بہت بہتر ہے۔ بہت ثواب ہے۔ بڑے درجات ہیں۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا و حب قبول ہو۔

فقط والسلام

الفقیر

[illegible]

حیدرآباد ۸۶ حامداً و مصلیاً ۱۹۸۳ء

۲ جون

عزیز گرامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔
آپ کی خالہ صاحبہ کی طبیعت کا حال معلوم کر کے فکر ہوئی
اللہ پاک حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں اُن کو
جلد شفائے کامل عطا فرمائے اور سلامت باکرامت
رکھے۔ آمین۔ ثم آمین۔ فجر کی سنت اور فرض کے
درمیان سورۃ الحمد شریف (مع بسم اللہ) ۴۱ مرتبہ
پڑھ کر اُن کو دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں
اللہ پاک فضل و کرم فرمائے گا۔ اللہ کی رحمت سے کبھی
مایوس نہ ہوں۔ وہ تنکے میں بھی جان ڈال سکتا ہے۔
سب عزیزوں کو سلام مسنون حاضر ہے۔ قبول ہو۔

فقط والسلام
[signature]

اللہ پاک آپ کے چچا صاحب پر رحم فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین

[illegible]

1983ء

حیدرآباد

۹ ؍ اکتوبر

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

دعا و سلام مسنون

آپ کا رقعہ شام کو ملا۔ پہلے بھی خط ملا تھا۔ اللہ آپ کے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں آپ کی والدہ صاحبہ کو جلد از جلد مکمل صحت عطا فرمائے، اُن کا سایہ قائم و دائم رکھے اور آپ سب کو سلامت باکرامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔ میرا بہت بہت سلام کہیے گا۔ ان شاء اللہ جلد اچھی ہو جائیں گی۔

ڈاکٹر ہاشمی صاحب (ہومیو پیتھ) 36 B کی بس کا آخری اسٹاپ ہے۔ لانڈھی۔ پیٹ کی پتھری کے علاج میں مشہور ہیں۔ اپنے پیر بھائی ہیں۔ شام کو ملتے ہیں اور جمعہ کی صبح کو ملتے ہیں۔ مناسب سمجھیں تو اُن سے رجوع فرمائیں۔

میری کمزوری بڑھتی جا رہی ہے۔ اس لیے جواب کا انتظار نہ کیا کریں۔ سب کو دعا و سلام مسنون۔
فقط والسلام — الفقیر [illegible]

سنہ 1983ء

۷۸۶
نحمدہ و نصلی

حیدرآباد
۲۸ دسمبر

عزیز گرامی قدر وکیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ
بہت بہت دعاء و سلام مسنون۔
اللہ پاک دین و دنیا کے ہر نیک کام میں کامیاب
فرمائے اور خوشیاں دکھلائے۔ آمین۔ ثم آمین۔
دنیا کو آخرت کی خاطر کمانا بھی دین ہے۔ اس لیے
خوب پڑھیں تاکہ سکون اور کامیابی حاصل ہو، پھر
دین میں بھی انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔
حسب ارشاد تعویذ لکھ کر بھیجتا ہوں۔
سب عزیزوں کو سلام مسنون دعا حسب قبول ہو۔
رفیق صاحب کو پرچہ دیدیجیے گا۔

فقط والسلام
[illegible]

۱۹۸۶ء

عید مبارک

حیدر آباد

۲۷ رمضان المبارک

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج گرامی نامہ ملا۔ بڑی خوشی ہوئی کہ اعتکاف میں ہیں۔ اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے، آپ کے درجات خوب بلند فرمائے اور سعودی عرب کے لیے بھی کامیابی عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

آپ کی خالہ صاحبہ کے انتقال کا بڑا قلق ہوا۔ انا للہ ——— اللہ پاک اُن کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ سب کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

اُن کے لیے ایصال ثواب بھی کیا ہے۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ آمین۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا حسب قبول ہو۔

فقط والسلام بقلم

۷۸۶

حامد کو سنانا

حیدرآباد

۱۶ فروری 1984ء

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

دعا و سلام مسنون۔ آج آپ کا خط ملا۔ آپ مجھے بہت عزیز ہیں اور جو کچھ آپ نے لکھا ہے انشاء اللہ اس میں بہتری ہو گی۔ اللہ پاک بڑا مسبب الاسباب ہے۔ بہن حمایہ کا خط بھی آج ہی ملا۔ ماری پور والے لوگ اگر اُن کو پسند نہیں ہیں تو مجھے بھی پسند نہیں ہیں۔ اللہ پاک بہتری فرمائے گا۔

یہ خط اُن سب کو دکھلا دیجیے گا۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

فقط والسلام

فقیر [illegible]

سنہ 1986ء

۸۶ء
حامداً و مصلیاً

حیدر آباد
۱۹ مارچ

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

بہت بہت دعاء و سلام مسنون

۱۱ مارچ کا خط کل ملا۔ معلوم نہیں کہاں پڑا رہا۔
پانچواں سبق مبارک ہو۔ اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے۔ آمین
محترم ڈاکٹر گاندھی صاحب کو میرا سلام مسنون کہیے گا۔
آخرت کی فکر دل میں پیدا ہونا بہت بڑی نعمت ہے
اس نعمت کی بڑی قدر کرنا چاہیے۔ اللہ پاک آپ کو
اپنا بنا لے۔ آمین — ثم آمین۔

سب بزرگوں کو (آپ کی پھوپھی جان کو) اور سب عزیزوں کو
سلام مسنون و دعا۔ سب قبول ہو

فقط والسلام
احقر
[illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۲۹-اپریل
1984ء

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

دعاء و سلام مسنون۔

آپ کا خط آیا تھا۔ آپ نے مسکین پور شریف وغیرہ جانے کا ارادہ ظاہر کیا تھا اس لیے جلد جواب نہ لکھ سکا۔ امید ہے کہ بخیر و عافیت واپس آگئے ہوں گے اور فائز المرام ہوئے ہوں گے۔ اللہ پاک خوش و خرم رکھے اور دونوں جہانوں کی نعمتوں سے نوازے۔ آمین۔ ثم آمین۔

آپ کی پھوپھی صاحبہ کا خط بھی آیا تھا۔ میرا سلام مسنون عرض کریں۔ اللہ پاک بچوں کو اعلیٰ کامیابی عطا فرمائے اور خوش نصیب بنائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

کمزوری بہت بڑھ رہی ہے۔ دعاء میں یاد رکھیں۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون۔ دعا جب قبول ہو۔

فقط والسلام

الفقیر

[illegible]

۲۸۶
جامعہ اشرفیہ

حیدر آباد
۹ راگست
سنہ 1984ء
28

عزیز محترم عبد القدیر السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ اعلیٰ کامیابی پر دلی مبارکباد قبول ہو
اللہ پاک دونوں جہانوں کے امتحانوں میں اعلیٰ کامیابی عطا فرمائے
آمین بجاہ نبیہ الامین

تفسیریں بہت ہیں۔ مجموعہ کتاب مطالب القرآن پڑھ لیا کریں
شیعہ کب مسلمان ہے؟ صحابہ کرام رض سے بغض رکھنے والے
اللہ کے نزدیک کافر ہیں۔ (لیغیظ بھم الکفار۔ سورۃ الفتح کی
آخری آیت دیکھیں)۔

اللہ اللہ دل سے کرنے والے کو کسی اور وظیفے کی ضرورت نہیں
جس طرح اللہ سب سے بڑا ہے اس کا وظیفہ بھی سب سے افضل ہے

ایک پلاسٹک کی ٹوکری۔ پلاسٹک کا ایک برتن۔ روئی کا کپڑا
آپ کو دیا تھا کہ شاید کراچی کے کوئی صاحب یہاں چھوڑ گئے ہوں
اب معلوم ہوا کہ وہ یہیں کے ایک صاحب ہیں۔ دماغ کچھ ٹھیک نہیں ہے
اب آپ وہ بھیج دیں۔ فقط والسلام
احقر
عبداللہ

PROFESSOR
Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D.Litt.

2, OLD UNIVERSITY CAMPUS
HYDERABAD, SIND.

Dated 6.4.85

۲۸۷ [illegible]

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

دعا و سلام مسنون

آج آپ کا خط ملا۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "دنیا تمہارے لیے بنائی گئی ہے اور تم آخرت کے لیے بنائے گئے ہو"۔ اس زندگی مستعار کو اللہ کی رضا کے مطابق چلانا ہی کامیابی ہے۔

میرے ایک بہت بزرگ استاد نے مجھے نصیحت فرمائی تھی کہ اللہ پاک سے ہمیشہ اچھی امید رکھنا اور مایوسی کو قریب نہ آنے دینا۔

رہا اسباق کا معاملہ، تو یہ کوئی بزرگی نہیں ہے کہ بہت سے سبق ہو گئے۔ ایک ہی سبق ہو لیکن اتنا ہو کہ ہم اس کی رضا پر کاربند ہو جائیں تو بس وہی کافی ہے۔ البتہ بزرگوں نے اسباق کو تقسیم کر دیا ہے تاکہ دھیرے دھیرے صلاحیت پیدا ہوتی جائے تو آگے بڑھا جائے۔ لیکن پہلے اور آخری سبق کا مقصد اور کامیابی اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اور رہے گا۔ اب ہم دیکھیں کہ ہم اللہ کے لیے کر رہے ہیں یا دوسروں کے مقابلے کے لیے یعنی نفس کے لیے؟

گھر میں سب کو دعا و سلام مسنون۔

فقط والسلام

[illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

1987ء

حیدرآباد
۲۱/ اکتوبر

عزیز گرامی قدر دعا و سلام مسنون

ابھی خط ملا۔ بچے کی ولادت بہت بہت مبارک ہو۔ اللہ پاک صحت و عافیت کے ساتھ حافظ اور عالم باعمل بنائے اور آپ سب کو خوشیاں دکھلائے۔ آمین ثم آمین

سب بزرگوں اور عزیزوں کو مبارکباد اور سلام مسنون عرض ہے۔ فقط والسلام

الفقیر
[illegible]

بڑے فرزند حافظ محمد عبداللہ کی ولادت ۱۹/ اکتوبر ۱۹۸۷ء کو ہوئی۔ راقم

۷۸۶

حیدرآباد
۲۶ روز رمضان المبارک

حامداً و مصلیاً

1987ء

عید مبارک

عزیز گرامی قدر دعا و سلام مسنون
گرامی نامہ ملا۔
امتحان، اعتکاف، عید وغیرہ کی بہت بہت مبارکباد
قبول ہو۔ انشاء اللہ۔ الحمدللہ، بارک اللہ۔
سب کو دعا و سلام مسنون۔ ہم سب کے لیے بھی
دعا فرمائیں۔

فقط والسلام
احقر
[illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

1988ء

حیدرآباد
۷ نومبر

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا۔ اللہ آپ کو ہر طرح بہتری اور کامیابی عطا فرمائے اور اپنا بنالے۔ آمین ثم آمین۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

فقط والسلام

خاکسار [signature]

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

1989ء

حیدرآباد
۷ جولائی

عزیز گرامی قدر بہت بہت دعا و سلام مسنون

ابھی خط ملا۔ آپ کو وہم کیوں ہوا کہ میں آپ سے خوش نہیں ہوں۔
بالکل خوش ہوں۔ کیا عرض کروں کہ میری صحت اب کیسی ہے!
سماعت کمزوری کی وجہ سے اب بات کرنے میں بھی تکلیف ہوتی ہے۔
اللہ پاک آپ کو اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین
سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام
احقر

۶ مئی 1989ء

۲۸۶

حیدر آباد

۲۱ رمضان المبارک

عید مبارک

عزیز گرامی قدر سلمہ

دعا و سلام مسنون

ابھی خط ملا۔ اعتکاف مبارک ہو۔ اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے اور آپ کی تمام دعائیں قبول فرمائے۔ امید ہے آمین۔

سب بزرگوں اور عزیزوں کو سلام مسنون دعا و حبیب قبول ہو۔ فقط والسلام

حیدرآباد   مکان عماد الحسنی   [illegible] 1989ء

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ

دعا و سلام مسنون

آپ لوگوں کے نام خط بھیج چکا ہوں۔
شاید کل مل جائے۔

جو صاحب مجھے بلوانا چاہتے تھے ابھی تک انھوں نے
مجھے کوئی خبر نہیں ملی۔ اس لیے آنے کا
وعدہ کرنا مشکل ہے۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام

[illegible]

۱۹۸۹ء

پروفیسر ڈاکٹر محمد حاجن صاحب ہیرآباد، حیدرآباد
پوسٹ آفس کے نزدیک مکان ہے
فون 30546

عزیزی وکیل احمد صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اوپر حاجن صاحب کا نام ہے جو یہاں امیر جماعت (تبلیغی جماعت) ہیں اور پی ایچ ڈی کے گائڈ ہیں۔ میں نے اُن سے آپ کے لیے عرض کیا تو انھوں نے کہا کہ میرے پاس مولانا محمد قاسم نانوتوی علیہ الرحمہ کے متعلق بہت اچھا ذخیرہ ہے اور میں انشاء اللہ ان کا کام آسانی سے کرادوں گا۔ اب آپ اُن سے کسی وقت مل لیں

فقط والسلام
دعاگو
[illegible]

باسمہٖ حامداً و مصلیاً

حیدرآباد

۴؍ جنوری ۱۹۹۵ء

عزیز گرامی قدر بہت بہت دعا و سلام مسنون

گرامی نامہ ملا۔ تبرکات ملنے پر مبارک باد عرض ہے

اللہ تعالیٰ آپ کے درجات دونوں جہانوں میں خوب بلند فرمائے

اور خوب فلاح و خیر عطا فرمائے آمین ثم آمین

مقالہ ضرور لکھیں۔ سستی نہ کریں۔

سب کو دعا و سلام مسنون۔ فقط والسلام

۹/1990

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

PROFESSOR
Dr. Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D.Litt.

2, OLD UNIVERSITY CAMPUS
HYDERABAD, SIND

Dated ۲۰ ستمبر ۹۰

عزیز گرامی بہت بہت دعا و سلام مسنون

خط ملا۔ ماشاء اللہ آپ کی دینی اور دنیوی ترقیوں کا علم ہوا، دل سے دعا نکلی۔ عمدۃ السلوک ہی کو اپنا رہبر بنائیں اور اس میں جو کچھ لکھا ہے اسی کے مطابق (خواہ کم ہو) عمل کریں۔ دراصل اسباق کی کمی زیادتی کوئی چیز نہیں۔ ایک ہی سبق اگر خوب دلجمعی اور محنت سے کیا جائے تو ان شاء اللہ وہ بھی کافی ہو سکتا ہے۔ اللہ پاک آپ کو فائز المرام فرمائے۔ آمین ثم آمین

آپ حضرات نے اشاریہ بنانے میں بڑی زحمت فرمائی۔ سب ممنون ہوں۔ جزاکم اللہ فی الدارین احسن الجزاء۔ شاید جلد میں کراچی آج آجائیں سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

والسلام
فقط
غلام مصطفیٰ

باسمہ حامدا و مصلیا

حیدرآباد

۱۹۹۱ء

عزیز گرامی دعا و سلام مسنون

دو حضرات آپ کی توجہ کے مستحق ہیں ۔

(۱) محمد سلیم - دکان نمبر ۳ - فرسٹ فلور
اللہ والا مارکیٹ - نزد خالد بن ولید مسجد
لیاقت آباد - کراچی ۱۹

یہ شروع میں بہت نیک اور تہجد گزار بھی تھے
اب کچھ غلط احباب کی وجہ سے نماز چھوڑ دی ہے
داڑھی ہے - پہلے ایم کیو ایم میں بھی تھے -
انشاءاللہ محبت اور اخلاص سے صحیح راہ پر
جلد آجائیں گے ۔

(۲) افتخار خان ولد مختار خان
4/43 - لیاقت آباد - کراچی

یہ بہت نیک اور دین دار ہیں لیکن والدین کے
سخت خلاف ہیں ۔ اللہ تعالیٰ اصلاح فرمائے آمین

سب کو دعا و سلام مسنون

سنہ ۱۹۹۱ء

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۲۷ مئی

عزیز گرامی قدر دعا و سلام مسنون

ابھی خط ملا۔ وہ خاکہ میں نے قلم برداشتہ لکھ دیا تھا۔ آپ کام کریں گے تو بہت سی باتوں میں ترمیم کرنی پڑے گی۔ آپ نے باب سوم میں جو ترمیم کی ہے وہ صحیح ہے۔ میرا مقصد یہی تھا۔ اصل چیز کام ہے۔ الفاظ اور ابواب کی تقسیم وغیرہ میں تبدیلی آخر وقت تک ہوتی رہتی ہے۔

جس باب کے ذیل میں جو کچھ ملتا جائے وہ حوالے کے ساتھ جمع کرتے جائیں۔ ترتیب بعد میں ہو جائے گی۔ کسی بات میں الجھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ دیوبندی اور بریلوی عقائد اور ان کا اختلاف بہت آسانی سے سمجھ میں آجائے گا۔

ڈاکٹر محمد سعید صاحب مرحوم (آپ کے خسر صاحب) کے یہاں ایک کتاب احکام شریعت کے نام سے تھی۔ مختلف رسالوں کا مجموعہ تھا۔ وہ مل جائے تو انشاء اللہ بریلوی نظریات معلوم ہو جائیں گے۔

آپ اس باب میں صرف دونوں کے نظریات (بغیر تبصرہ) لکھ دیجئے گا۔ تاکہ بعد میں اختلافات پیدا نہ ہوں اور ممتحن حضرات ناراض نہ ہوں۔ سب کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام

[illegible]

بنام حامد آزاد مصطفیٰ   سنہ 1992ء

حیدر آباد
۳۰ دسمبر

عزیز گرامی قدر سلمہ

بہت بہت دعا و سلام مسنون

ابھی خط ملا۔ آپ کی رائے بہت مناسب ہے۔

وہ کاتب صاحب ایک صفحہ کا کیا معاوضہ لیتے ہیں؟

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون —

فقط — والسلام

[illegible]

۲۸۶

حامداً و مصلیاً

بنام محمد رفیق احمد قریشی
سنہ ۱۹۹۳ء

حیدر آباد
۲۰ رمضان المبارک

عزیز گرامی السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

و کیل میاں کے بعد سلام مسنون عرض ہے کہ یہاں
محمد حاجی صاحب اُن کو پوچھ رہے ہیں۔ اُن کی
کتابیں واپس کر دیں ـــــــ اور جو کام شروع
کیا ہے ہمت سے کریں۔ ایک موقع ہے اُسے
ہاتھ سے نہ جانے دیں ـــــــ
سب عزیزوں کو سلام مسنون و عافیت قبول ہو

فقط والسلام

لکھو

[signature]

باسمہ سبحانہ حامداً و مصلیاً

1993ء

حیدرآباد
۱۴ مارچ

عزیز گرامی قدر دعا و سلام مسنون

کل جمعہ کو انتظار رہا۔

ماشاء اللہ آپ اچھا کام کر رہے ہیں لیکن
پی ایچ ڈی کا کام مقدم رکھیں اور اسے بھی
دینی کام سمجھیں

مفتی مظہر بقا صاحب اپنے پیر بھائی ہیں ان کے
صاحبزادے نبی کو کتاب دینی چاہیے
انشاء اللہ عید روز میں کتاب بھیج دوں گا
سب کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام

دعا گو

footnotes کا خیال
یاد رکھیں

1993ء

عزیزی بعد دعا و سلام مسنون۔ اگر ویزا مل جائے تو ضرور جائیے۔ یہاں کے عرس کا خیال نہ فرمائیے
بہت بہت مبارک ہو۔ میرا عاجزانہ سلام مسنون وہاں سب بزرگوں کو عرض کر دیجیے
فقط والسلام احقر

۲۸۶ جواب دیا گیا

۱۹۹۶ء

حیدرآباد
۱۷ نومبر

عزیز گرامی قدر دعا و سلام مسنون

آج خط ملا۔ یہ معلوم کر کے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ کام میں لگے ہوئے ہیں۔ زبانی گفتگو میں کچھ عرض کر سکتا ہوں ایک بات جو متعدد کتابوں میں ملتی ہے اُسے دیکھیں کہ سب سے پہلے کہاں بیان ہوئی ہے۔ اُسی کا حوالہ دیں جس باب کے ذیل میں جو بات ملتی جائے اسے نوٹ کرتے جائیں۔ سلسلے وار ہر باب پر لکھنے کی ضرورت نہیں۔ یہ ترتیب بعد میں خود ہی بن جائے گی

سب کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام

[illegible]

1995ء — باسمہ حامداً و مصلیاً — حیدرآباد

۷؍ اپریل — عزیز گرامی قدر محبت بہت بہت دعا و سلام مسنون

آج خط ملا۔ وہاں کے رشتے کے متعلق معلوم ہوا۔ اللہ تعالیٰ بہتری فرمائے آمین۔

یہاں کا ایم اے Moreover والا ہے۔ آپ تو پی ایچ ڈی کریں۔ یہاں اب

بی اے، ایم اے وغیرہ میں بھی ۷-۸ ماہ نتیجے کے لیے لگ جاتے ہیں۔ گو کہ ایک ماہ

پی ایچ ڈی کا مقالہ عرصہ ہوا پیش کر دیا ہے۔ یونیورسٹی کو کوئی پروا نہیں۔

مرحوم ہاشمی صاحب کا مقالہ قریب ڈیڑھ سال تک دفتر میں پڑا رہا۔

علمی کاوشوں کی طباعت بڑی مشکل ہے۔ اب مناسب نہیں۔ ہو سکے تو کتابیں بھیج دیں۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا حسب قبول ہو۔

فقط والسلام

باسمہٖ سبحانہٗ و تعالیٰ

حیدرآباد

۱۶ اگست 1995ء

عزیز گرامی منزلت دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ منیر احمد سلمہ کل Dean صاحب سے ملے تھے۔ انھوں نے کہا کہ کبھی کبھی (آپ) اُن سے مل لیا کریں تو وہ سرٹیفکیٹ دیدیں گی۔

محمد احمد سلمہ جہاں ملازم ہیں اُن کے لیے جواب ملفوف ہے۔

یہاں پروفیسر معزالدین احمد فاروقی صاحب تھے۔ اب ریٹائر ہو کر کراچی میں مقیم ہیں
دستگیر کالونی R/934- Block 15
فیڈرل بی ایریا۔

(حیدرآباد دکن کے ہیں اور میرے شاگرد رہ چکے ہیں)

اُن کی ایک ہی بیٹی ہے۔ عمر زیادہ ہو رہی ہے۔ فکرمند ہیں۔ کوئی مناسب رشتہ نظر میں ہو تو اُن کو بتادیں۔ وہ کہیں پنچ ہیں

گھر میں سب کو دعا و سلام مسنون — فقط والسلام

دعاگو [signature]

۲۷ ستمبر 1995ء

عزیز گرامی قدر، دعا و سلام مسنون

کبھی کبھی یہ شعر پڑھ لیا کریں:

یا رب تو کریمی و رسولِ تو کریم ﷺ
صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم

فقط والسلام

[illegible]

بسم سبحانہٗ و تعالیٰ ۱۹۹۵ء

حیدر آباد

عزیز گرامی منزلت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا۔ آپ اپنا کام کریں اور خود کو سب سے کمتر قرار دیں کہ یہی بزرگی ہے۔ آپ اپنے عمل کے ذمہ دار ہیں اور دوسرا اپنے عمل کا ذمہ دار ہے۔ جس نے خود کو بڑا سمجھا وہی سب سے چھوٹا ہے۔

فقط والسلام

محمد [illegible]

سب کو دعاء و سلام مسنون

۱۹۹۵ء

باسمہ سبحانہٗ و تعالیٰ

حیدرآباد
۲۲ جنوری

عزیز گرامی قدر بہت بہت دعا و سلام مسنون

آج گرامی نامہ ملا۔ آپ حضرات اُس رات تشریف لائے لیکن
نیاز حاصل نہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو دونوں جہانوں میں
سرفراز و سربلند فرمائے اور اپنا بنا لے۔ آمین ثم آمین
آپ کو تو معلوم ہے کہ اپنے سلسلے میں خاکساری اور تواضع ہے
خود کو سب سے کمتر سمجھنا ہی بڑی بزرگی ہے
سب بزرگوں اور عزیزوں کو سلام مسنون دعا حسب قبول ہو۔

فقط والسلام
دعاگو
[illegible]

باسمہٖ سبحانہٗ و تعالیٰ

1995ء

PROFESSOR
Dr. Ghulam Mustafa Khan
M.A., LL.B., Ph.D., D.Litt.

7, OLD UNIVERSITY CAMPUS
HYDERABAD, SINDH

Dated ۲۷ مارچ

عزیز گرامی قدر بہت بہت دعا و سلام مسنون

آج گرامی نامہ ملا۔ بڑی خوشی ہوئی کہ آپ اس مبارک سفر سے مستفیض ہوئے۔ اللہ تعالیٰ بخوبی خوب نوازے اور صحیح مقام پر پہنچا دے۔ آمین۔ ثم آمین۔ (الحمد للہ۔ بارک اللہ)

محمد احمد سلمہ کو میں نے خط لکھ دیا تھا۔ ملا ہوگا۔

ایک بات یہ معلوم کرنا ہے کہ آپ نے ایم فل کے لیے الگ مقالہ لکھا تھا یا صرف promote کیا گیا ہے! عموماً ایک ڈیڑھ سال کے بعد خود ہی promote کر دیا جاتا ہے۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

فقط والسلام

الفقیر [illegible]

باسمہ حامداً و مصلیاً

۱۹۹۶ء

حیدر آباد
یکم اگست

عزیز گرامی منزلت دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کل شام کو ڈاک خانے کے ایک صاحب آپ کا گرامی نامہ دے گئے
ماشاء اللہ آپ نے اچھا رویہ رکھا۔ آپ تو جس دن
مراقبہ ہو اس سے پہلے حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمہ کی کتاب سے
مسائل پڑھ دیا کریں۔ انشاء اللہ وہ کافی ہوں گے۔
سب کو دعا و سلام مسنون —

فقط والسلام احقر [illegible]

1997ء

عزیز گرامی قدر وکیل احمد صاحب دعاء و سلام مسنون

رقعہ ملا۔ مجھے تو مناسب معلوم ہوتا ہے۔ آپ لوگ بھی استخارہ
کر لیں اور بسم اللہ کریں۔

سب کو دعاء و سلام مسنون

فقط والسلام

بنام عاصم مجید صاحب 9/6/95

باسمہٖ حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۹ جون

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج خط ملا۔ مراقبہ جماعت کے ساتھ پابندی کے ساتھ کیا کریں۔
انشاء اللہ اس کی برکت سے تمام مشکلات حل ہو جائیں گی۔
وکیل احمد صاحب کے ساتھ رہا کریں۔ یعنی ان کی صحبت کے
انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا درجہ
حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اور صحبت میں
رہنے ہی سے بڑا ہوا ہے۔ سب کو دعا و سلام مسنون

فقط والسلام
دعاگو
[illegible]

میرے خسر اور حضرت صاحب قدس سرہ کے بچپن کے دوست

حضرت ڈاکٹر سید محمد سعید صاحب علیہ الرحمہ (م ۱۹۶۹ء)

اور خوشدامن صاحبہ مرحومہ کے نام مکتوبات

حامداً و مصلیاً

بنام سید محمد سعید صاحب علیہ الرحمۃ

سندھ یونیورسٹی
حیدرآباد

9/10/57

برادر عزیزم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محبت نامہ بہت انتظار کے بعد ملا - یہ میری ہی سستی سمجھیے کہ میں کبھی نہ لکھ سکا - آپ نے وعدہ کیا تھا کہ جلد ہی بہن کی خیریت لکھیں گے لیکن ایسے کھرے آدمی نہ آپ ہیں اور نہ میں ہوں -

56

ایک خوشخبری یہ ہے کہ بھائی رفیع الدین صاحب کی شادی حیدرآباد دکن میں ۲۰ / اکتوبر کو ہے - اللہ پاک مبارک فرمائے - آمین - دیر آید درست آید

دلی خوشی ہوئی کہ بہن صاحبہ کی طبیعت اب اچھی ہے - اللہ پاک سلامت رکھے اور اپنے حفظ و امان میں رکھے آمین

مجھے مسلسل غم کی وجہ سے دل کے دورے پڑنے لگے ہیں اب ذرا سی پریشانی ہوتی ہے تو دورہ پڑنے لگتا ہے - دعا فرمائیں - اسی لیے عمداً کراچی آنے سے گریز کر رہا ہوں



کہ وہاں جاکر اور پریشانی نہ بڑھ جائے — قرض لے کر وہ رکشا
خریدا تھا۔ ابھی تک وحشت نہیں ہوا — کوئی آسرا ابھی نہیں ہے
اللہ رحم فرمائے — قرض ادا نہیں ہوا —
پرسوں
آپ کا محبت نامہ کل ۸۔ اکتوبر کو ملا تھا — اور [illegible] صبح
آپ کے یہاں محفل تھی — اب بتاؤ کیا کروں —
بہن صاحبہ اور سب عزیزوں کو سلام مسنون و ما وجب قبول ہو —
بچوں کو دعا — فقط — والسلام — نیازمند [illegible] مصطفٰے خاں

۷۸۶

حامداً و مصلیاً

سندھ یونیورسٹی
حیدرآباد

[illegible] اگست ۹۴ء


محترم بھائی ڈاکٹر سعید صاحب کی خدمت میں

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

گرامی نامہ ملا تھا۔ صحت اکثر ٹھیک نہیں رہتی۔ پھر لوگ چھین نہیں لینے دیتے۔ حاضر ہونے کی بہت معافی چاہتا ہوں۔ آنکھیں آئی ہوئی ہیں۔ اور بھی امراض ہیں۔ اللہ پاک اپنا کرم فرمائے۔ آمین

نورالدین صاحب کا آج خط آیا ہے۔ بہن خیرالنساء صاحبہ کے فرزند پیدا ہوا ہے۔ مبارک ہو۔ پتا کافی ہے۔ VIHIGAON ضلع امراوتی (برار) خط لکھ دیں۔

[illegible]



بہن صاحبہ کی طبیعت کے لیے دعا کرتا ہوں۔

محترم حکیم صاحب، محترم وکیل احمد رضا صاحب اور جملہ
اعزا اور کرم فرما حضرات کو مؤدبانہ سلام مسنون
قبول ہو۔ بچوں کو دعائیں۔

محترم بھائی عبد الودود صاحب کی طرف سے بڑی فکر ہے۔ دعا
کرتا ہوں۔ ان کو مؤدبانہ سلام مسنون کہیے

فقط والسلام۔ ناچیز۔ غلام مصطفےٰ

سندھ یونی ورسٹی — حامد احمد علی — ۱۷ فروری 1968ء

حیدرآباد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

برادر عزیز دام مجدکم

بڑا تعجب ہوا تھا کہ ایک خط لکھ دیا تھا کہ ختنہ کی تقریب میں شریک ہو جاؤ لیکن پتا ایسا لکھا تھا کہ کوئی کیسی پڑھ نہ لے اور سمجھ نہ لے۔ "بڑے میاں" ہو گئے ہو تو اور بھی کیا کیا حرکتیں شروع ہو گئی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ سراج احمد کی شادی کر بیٹھے ہو لیکن ابھی تک مجھے نہ دعوت دی اور نہ ایک خط ہی لکھا۔

اب سیدھی سی بات یہ ہے کہ آپ لوگوں کی دعاؤں سے ۵ مارچ کو علی الصباح ۶½ بجے ہوائی جہاز سے حج کے لیے ان شاء اللہ روانگی ہے۔ یعنی یہاں سے ۱ مارچ کو روانگی ہے۔ اس لیے سنیچر ۲ مارچ کو بعد عصر نکاح اور اتوار ۳ مارچ کی صبح کو ولیمہ کر دو اور مجھے چھٹی دیدو۔ بہن اور بچوں وغیرہ کو لے کر جلد آجاؤ تاکہ انتظام کرو اور حیدرآباد میں چلو پھرو۔ ریاض الدین صاحب، عبدالودود صاحب وغیرہ تمام احباب اور کرم فرما حضرات سے کہہ دیجیے کہ کوئی رہ جائے گا تو آپ ذمہ دار ہوں گے۔ میں کہہ دوں گا کہ یہ سب ان کا قصور ہے۔ میں بری الذمہ ہوں۔



[illegible]

M.E.S Colony Quarter No 21/I
Behind Napier Barracks
Chief Engineer M.E.S Office
Karachi

جو مشورہ دینا ہو وہ لکھو اور جلد آنے کی کوشش کرو
عزیز محمد صاحب نے آپ کا پتا بھیجا ہے ورنہ آپ کو کہاں
فرصت ہے جو خط لکھیں۔ عزیز محمد صاحب نے بڑی
دعائیں دی ہیں۔ سراج احمد سلمہ کے لیے آپ بھی ضرور
دعائیں دیا کریں اور ہم سب کے لیے بھی۔
بہن صاحبہ اور سب عزیزوں کو بہت بہت سلام مسنون
و دعا حسب شوق ہو۔

فقط والسلام

احقر [illegible]

۱۹۶۹ء

ڈاکٹر

بنام زوجہ سید محمد سعید علیہ الرحمۃ صاحبہ

خامہ و صحیفہ ۲۸۶

سندھ یونیورسٹی

حیدرآباد

۱۷ دسمبر

محترمہ بہن صاحبہ دام مجدہا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے خط لکھا تھا۔ جواب نہیں آیا۔ پھر ایک صاحب کو بھیجا تھا۔ وہ کل گھر گئے ہوں گے۔

اہلیہ کے بھائی اسرار الحق رات یہاں آئے ہیں۔ وہ ملیر کالونی مکان 616B میں رہتے ہیں۔ ان کے مکان سے ملا ہوا مکان 615B وہاں فروخت ہونے والا ہے۔ ۳ کمرے ہیں اور بجلی بھی۔ ۶ ہزار میں مل جائے گا۔ اگر آپ کی رائے ہو تو کسی شام کو اسرار الحق کے پاس کسی کو بھیج کر طے کر لیں۔

سب بچوں کو دعائیں۔ سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعوات قبول ہو۔ فقط

والسلام

غلام مصطفیٰ خاں

حیدرآباد
جمعہ یکم رمضان المبارک

حضرت محترم و مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

آج گرامی نامہ ملا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور ہمت دے کہ آپ تمام فرائض خیر و خوبی کے ساتھ ادا کر دیں اور بچّے خوش رہیں اور تمام پریشانیاں دور ہوں۔ واقعی آج کل گرانی کے زمانے میں دقّت ہو گئی ہے۔ لیکن ماشاء اللہ آپ سلیقے سے سب خرچ چلا رہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ قائم دائم رکھے اور بچّے خوش رہیں۔

میں بہت کمزور ہو گیا ہوں۔ خط لکھنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام کہیں۔ فقط۔ والسلام الحقر [signature]

حضرت رشید احمد صاحب نقشبند مجددی علیہ الرحمہ (م ۲۰۱۱ء)

(پاک کالونی والے)

کے نام مکتوبات

۴۸۶
حامد کو سملیا

حیدر آباد
۱۹ دسمبر

عزیز بکرم و محترم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ اللہ پاک آپ کے درجات خوب خوب بلند فرمائے
اور شریعت کی زیادہ سے زیادہ پابندی نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین۔
انشاء اللہ شوکت علی بہتر رہیں گے۔ اللہ پاک ہر طرح بہتری اور
خوشیاں نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین

65

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

یہاں جمعہ ۲ جنوری کی صبح کو عرس مبارک کا خیال ہے۔ انشاء اللہ
کراچی کی تاریخ شاید ابھی تک مقرر نہیں ہوئی۔

فقط والسلام

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد ۴ جولائی

عزیز محترم و مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کل محترم محمد شفیع صاحب نے گرامی نامہ پہنچایا۔ آپ کی محبت کی کشش ہے کہ میں
انشاءاللہ ۹ جولائی کی شام تک کراچی آجاؤں گا۔ جمعہ ۱۰ جولائی کو
۵½ بجے صبح انشاءاللہ سراج میاں وغیرہ جمع کے لیے [illegible]
تھوڑی دیر کے لیے جمعہ کو آپ کے یہاں حاضر ہو جاؤں گا۔ انشاءاللہ
سب عزیزوں کو سلام مسنون و صاحب قبول ہو۔
کمزوری بہت ہے۔ دعا میں یاد رکھیں۔ فقط والسلام

احقر [illegible]

۸۲ء
حاصل آگیا

حیدرآباد ۹ دسمبر

عزیز محترم و مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ کپڑے کا کام بہت مناسب ہے۔ لیکن بہت کم منافع لیا کریں۔ یعنی برائے نام منافع ہو۔ اس طرح سامان جلد جلد فروخت ہوتا ہے اور یہی ترقی کا راز ہے۔

اللہ پاک خوب خیر و برکت دے۔ آمین۔ ثم آمین

محترمہ بیگم صاحبہ کو سلام مسنون۔ عائشہ۔ حمیرا۔ حفصہ۔ صفیہ۔ زینب النساء۔ وغیرہ میں سے (یا جو نام اچھا ہو) رکھ لیں۔

اللہ پاک مبارک فرمائے اور عمر و اقبال میں ترقی دے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام
احقر
[illegible]

حیدر آباد   خانقاہ آدمشقلیا

۲ فروری

عزیز گرامی قدر السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ اللہ پاک سے خوب مانگنا

چاہیے۔ وہی کافی ہے۔ وہی

مسبب الاسباب ہے۔ ان شاء اللہ

68

آسانیاں پیدا ہوں گی۔

اپنے تمام حالات الگ لکھتے جائیں تاکہ

ان کو پڑھ کر اللہ پاک کا شکر ادا

کرنے کی سعادت حاصل ہو۔

اللہ پاک آپ کو اپنے مقربین میں

شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام

احقر

[illegible]

۵۸۶
حامد گودستکیا

حیدر آباد
۲۸ اپریل

عزیز محترم عاکرم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔
جواب میں تاخیر ہوئی جس کے لیے
معذرت خواہ ہوں۔

69

بھائی صاحب کا رشتہ جہاں سوچ رہے
ہیں اُن کے حالات اور خاندان
وغیرہ پر مزید غور فرمالیں تو بہتر ہے۔
اللہ پاک بہتر فرمائے۔ آمین

فقط۔ والسلام

[illegible]

سب کو دعا و سلام مسنون۔

۲۸۶

خادم آکر معلیٰ

حیدرآباد ۲۶-اپریل

عزیز محترم و مکرم دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ بڑا کرم فرمایا۔

محترم اسمٰعیل صاحب کے کامیاب آپریشن کے لیے دعا کرتا ہوں۔ اللہ پاک
ہر طرح کامیابی عطا فرمائے اور عافیت کاملہ کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ ثم آمین
اندور والے عزیز کے لیے جواب لکھ دیا ہے۔ آپ اپنے الفاظ میں ان کو لکھ دیجیے گا
سب عزیزوں کو بہت بہت سلام مسنون و دعا طیب قبول ہو۔

فقط والسلام

فقیر [illegible]

حامداً و مصلیاً

حیدرآباد

عزیز مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ تشریف لائیں جب سہولت ہو۔ میں انشاء اللہ ۱۵ اپریل کو کراچی حاضر ہوں گا۔

آپ نے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک کی تاریخ [illegible] ۹ مارچ کو کراچی میں اور ۱۶ مارچ کو یہاں جلسے [illegible] والوں کے شاید بالکل نہیں ملتے [illegible] ضرور معلوم ہو جاتا۔

ذکر و مراقبہ پابندی سے کریں ورنہ جمعیت ہونے کی کیا صورت [illegible] اللہ تعالیٰ آپ کو اپنا بنا لے۔ آمین

فقط والسلام

احقر [signature]

CENTRAL ... POSTING OFFICE 2 APR

POST EARLY TO CATCH THE MAIL

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۱۴ جنوری

عزیز گرامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ آپ کا خواب آپ کی محبت اور عقیدت کی گواہی دیتا ہے۔ انشاء اللہ آپ خوب ترقی کریں گے۔ اللہ پاک آپ کو اپنے مقبولین میں شمار فرمائے اور ہر طرح نوازے۔ آمین۔ ثم آمین۔

72

فقط والسلام

احقر۔ [illegible]

۲۸۶

حیدرآباد حامداً و مصلیاً

۶ مارچ

عزیز مکرم و محترم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا — آپ کے خواب بہت مبارک
ہیں — اللہ اللہ کرنے سے تمام بلائیں
دور ہوں گی — کسی عزیز کے بچے کے متعلق
جو خواب ہے اس سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ
کسی کی گندگی سے آپ کو تکلیف
ہوسکتی تھی تو اس سے بھی اللہ پاک نے
آپ کو بچا لیا —

اللہ پاک آپ کو اپنا بنالے اور
خوب خوب نوازے — آمین ثم آمین
مجھے بھی دعاؤں میں یاد رکھیں —

فقط والسلام

احقر —

۴۸۶

حیدرآباد

۸ فروری

عزیز مکرم و محترم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ میں بھی بیمار ہو گیا ہوں۔
اللہ پاک آپ کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور
دراز ذکر بنائے۔ آمین۔ ثم آمین۔ ہر کھانے کے بعد
ایک دو دانے انجیر کھا لیا کریں۔ موسمِ سرما کی وجہ
آنتوں میں تکلیف ہو جاتی ہے تو انجیر سے جلد فائدہ ہوتا ہے
ان شاء اللہ آپ کے مطلع [illegible] ملکے۔ آمین۔ ثم آمین۔
[illegible]

فقط والسلام

[illegible]

[illegible]

حیدرآباد

۱۷ رمضان المبارک

عزیزم مکرم محترم دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا ۔ مراقبہ میں جو کیفیات ہوتی ہیں وہ الگ ایک بیاض میں لکھتے جائیں اور شکر ادا کریں ۔ نفل شکرانہ پڑھ لیا کریں اور کسی سے یہ باتیں نہ بتائیں ۔ کبھی کچھ نظر آتا ہے کبھی بالکل نظر نہیں آتا ۔ بہرحال مقصود صرف اللہ کی رضا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی ہے ۔ اس میں انسان پختہ ہو جائے تو یہی اصل کامیابی ہے اور یہی بزرگی ہے ۔ اللہ پاک آپ کے درجات خوب بلند فرمائے اور اپنے مقبولین میں شمار فرمائے ۔ آمین ثم آمین ۔

فقط والسلام

احقر

[illegible]

76

۲۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۰ جون

عزیز محترم و مکرم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ بچی کے متعلق معلوم ہوا۔ ان شاء اللہ رشتہ مناسب رہے گا۔
لیکن استخارہ بھی کر لیں۔ رات کو سونے سے پہلے دو رکعت نفل
پڑھیں اور اس کے بعد دعا کریں کہ اللہ پاک یہ رشتہ مناسب ہو تو
اس کے لیے اسباب بنا دے ورنہ جس میں بہتری ہو اس کے لیے اسباب
بنا دے۔ کم از کم ۳ رات ایسا کریں۔ پھر اس طرف کو رجحان
پیدا ہو جائے تو بس اللہ کا نام لے کر کر دیں۔ ان شاء اللہ بہتری
ہوگی۔ اللہ پاک حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں ہر طرح
بہتری فرمائے اور آپ کے درجات خوب خوب بلند فرمائے۔ آمین
ثم آمین۔ سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون۔

فقط والسلام
[illegible]
احقر

۲۸۶

حامد آزد صلیا

حیدرآباد ۳۰ دسمبر

عزیز گرامی منزلت السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ آپکے دونوں خواب بہت اچھے ہیں اور دونوں سے آپ کے شوق و شغف کا اظہار ہوتا ہے۔ پہلے خواب میں ہندوستان کے بزرگ کی تشریف آوری بھی بہت مبارک ہے کیونکہ اپنے سلسلے کے بہت سے بزرگ وہیں ہیں۔ دوسرے خواب میں فنائیت کی طرف اشارہ ہے۔ آپ اگلا سبق بھی شروع کریں اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے اور آپکے درجات دونوں جہانوں میں خوب خوب بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

77

سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا صاحب قبول ہو۔

فقط والسلام

[illegible]

۸۶ء
حامد آدم تصلیا

حیدر آباد

۱۳ دسمبر

عزیز مکرم حامد م السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا ۔ ہمشیرہ صاحبہ پر کوئی اثر وغیرہ نہیں ہے
آپ جہاں ہوں وہاں ایسی فالتو چیز انشاء اللہ
نہیں آسکتی ۔ یہ بیماری ہے انشاء اللہ جلد
جاتی رہے گی ۔ گھبرائیں نہیں ۔ علاج برابر
جاری رکھیں ۔ انشاء اللہ صحیح ہوجائیں گی ۔
سب عزیزوں کو دعاء و سلام مسنون ۔

فقط والسلام

[illegible]

۷۸۶
حامداً و مصلیاً

حیدرآباد ۶ مارچ

عزیز محترم و مکرم دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ بہت اچھا کیا کہ دکان کھول لی۔ اللہ پاک خوب خوب برکت دے اور ہر طرح نوازے۔ آمین۔ ثم آمین۔ بہت کم منافع لیا کریں اسطرح خوب برکت ہوتی ہے۔

برکت کے لیے اور ہر کام میں کامیابی کے لیے اور ہر طرح عافیت کے لیے تعویذ روانہ کرتا ہوں۔ موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ اللہ پاک خوب فضل و کرم فرمائے گا۔

سب عزیزوں کو دعاء و سلام مسنون۔

فقط والسلام

الفقیر [illegible]

۸۶ ف
حامد اسمٰعیل

حیدر آباد

۵ نومبر

80

عزیز مکرم و محترم دام مجدکم
السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ بڑا افسوس ہے کہ آپ دو مرتبہ تشریف لائے اور نیاز حاصل نہ کر سکا۔ پہلے سے خط لکھ کر وقت طے فرمالیں تو بہتر ہو۔ میں سخت عدیم الفرصت رہتا ہوں۔

قرض کے ادا کرنے کی آسان صورت یہ ہے کہ تنخواہ ملتے ہی سب سے پہلے اُس کی ایک رقم مقرر کر کے ادا کر دیا کریں اور بقیہ میں اپنا گزارہ کریں۔ ورنہ قرض ادا کرنا مشکل ہوگا۔ اللہ پاک رحم فرمائے۔ آمین۔

جب تک آپ احتیاط نہ کریں گے اللہ پاک کی مدد کس طرح شامل حال ہوگی!

فقط والسلام

الفقیر۔ [signature]

80

81

۸۶ء
جامعہ عثمانیہ

حیدر آباد
۲۷ اکتوبر

عزیز گرامی قدر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا — بڑی خوشی ہوئی ۔ اللہ پاک آپ کے درجات خوب بلند فرمائے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی زیادہ سے زیادہ نصیب فرمائے ۔ آمین ثم آمین ۔ اگلا سبق بھی شروع کریں ۔ بچی کی شادی اپنی سہولت کے مطابق کر دیں ۔ اللہ پاک بہتری اور آسانی پیدا فرمائے گا ۔

میری صحت اب ٹھیک نہیں رہتی ۔ دعا میں یاد رکھیں ۔
محترم محمد شفیع صاحب کا گرامی نامہ مکہ معظمہ سے آیا ہے —

فقط والسلام

بسم سامر آکو معلیا

حیدر آباد

۱۳ جنوری

82

عزیز گرامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا کس قدر محبت و اخلاص ہے!

ماشاء اللہ۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے مقربین میں شمار فرمائے اور آپ عزیزوں کے طفیل میں میرا بھی خاتمہ بالخیر فرمائے۔ سرہند شریف آکر

محبت عمرہ کے اسباق معلوم نہیں ہوئے

بہت دلی دعا ہے

فقط والسلام

[illegible]

۴۸۶
حامد امی عقیلیا

حیدرآباد ۲۰ فروری

عزیز قلبی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وقلبی لدیکم

آپ کا گرامی نامہ ملا۔ آپ کے خواب سے بڑی خوشی ہوئی۔ لوگوں سے میں نے مصافحہ کیا۔ آپ نے نہیں کیا، کیونکہ آپ کا تعلق میرے دل سے ہے، صرف ہاتھوں سے نہیں ہے۔ دوسرا خواب بھی بہت مبارک ہے کہ آپ وضو میں منہ دھو رہے تھے کہ آنکھ کھل گئی، یعنی تمام ظاہری تعلقات سے دور ہو کر قلبی محبت اور اخلاص پیدا ہو گیا۔

آپ سے ہرگز کوئی ناراضی نہیں۔ آپ میرے ہیں اور دل سے قریب ہیں۔ اللہ پاک آپ کو اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔ سب حضرات کو سلام مسنون

فقط والسلام

الفقیر [illegible]

عزیز گرامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماشاء اللہ آپ تو برابر مراقبہ کرتے ہیں۔ ذکر جہر بھی کرتے رہا کریں۔

86

یقین جانیے آپ کا، شفیع صاحب کا اور بہت سے حضرات کا نام لے کر تہجد کے وقت پابندی سے دعا کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

لیکن ایک ذکر پکڑیں۔ بہت سے ذکر نہ پکڑیں۔

سب عزیزوں کو دعا و سلام مسنون قبول ہو

فقط والسلام

[illegible]

۷۸۶

حامداً ومصلیاً

85

حیدرآباد ۲۳ اکتوبر

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عزیز محترم عافاکم

کل محترم محمد شفیع صاحب آپ کا گرامی نامہ لائے ۔ عرض کیا کہ آپ سرہند شریف کا ویزا نہ لیں (وہ نہیں دیں گے) ۔ دہلی سے آپ ۲۱-۲۲ اکتوبر کو رات کی (۱۱ بجے کے قریب) گاڑی سے سرہند شریف چلے جائیں ۔ بہت لوگ جاتے ہوئے ملیں گے ۔ انشاء اللہ آسانی سے وہاں رہ سکیں گے ۔ کسی کو نہ بتائیے گا کہ پاکستان سے آئے ہیں ۔

دہلی اور اجمیر شریف وغیرہ کا پتا کچھ بھی لکھ لیں ۔ خانہ پُری ہوتی ہے

اللہ آپ کو ہر طرح نوازے اور اپنے حفظ وامان میں رکھے ۔ آمین ۔ ثم آمین

سب عزیزوں کو سلام مسنون دعا ۔ آپ کا خیر خواہ

فقط والسلام

احقر [illegible]

۷۸۶
حامداً ومصلیاً

حیدرآباد
۸ ستمبر

86

عزیز محترم و مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترم محمد شفیع صاحب نے آپ کا گرامی نامہ دیا تھا۔ آپ نے جو خواب دیکھا وہ
آپ کے انتہائی خلوص کا مظہر ہے۔ بڑی خوشی ہوئی۔ الیسا رالطی ہی مفید
اور از بس ضروری ہے۔ اللہ پاک آپ کے درجات خوب خوب بلند فرمائے
اور اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

دماغی کمزوری کے لیے محترم محمد شفیع صاحب تیل دے جاتے ہیں۔ پھر دے گئے ہیں
لیکن اب دماغی کمزوری بڑھ ہی رہی ہے۔ دعا کی درخواست ہے۔ معلوم نہیں
میں جلسہ میں شریک ہو سکوں گا یا نہیں۔
سب حضرات کو سلام مسنون و دعا حسب قبول ہو۔

فقط والسلام الفقیر

باسمہٖ حامداً و مصلیاً

87

حیدرآباد

۲۵/ اکتوبر عزیز مکرم و محترم السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

آج گرامی نامہ ملا۔ شفیع صاحب واقعی بڑے درجات والے ہیں۔ ہر روز تہجد کے وقت اُن کے لیے (اور آپ کے لیے) دعاء کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ بہت بہت مبارک ہو۔

سب عزیزوں کو سلام مسنون۔ معافی چاہتا ہوں قبول ہو۔

فقط والسلام

[signature]

۸۶ء
[illegible]

حیدرآباد
۲۹ نومبر

88

عزیز مکرم و محترم دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ آپ حضرات بڑا کرم فرما رہے ہیں۔ دیکھیں، اللہ پاک کو کیا منظور ہے۔ مزید خیال فرماتے رہیں۔ اللہ پاک اجر عظیم عطا فرمائے اور آپ حضرات کے درجات عالیہ خوب خوب بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ محترم شفیع صاحب کو سلام مسنون۔

فقط۔ والسلام

احقر [illegible]

حیدرآباد
۱۸ فروری

حامد اور نعلیا
۲۰۰۶ء

89

عزیز گرامی السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ خواب میں صاحب اور سید صاحب راستے پر چلنا اور محترم شفیع صاحب کے ساتھ کھیر کھانا بہت مبارک ہے۔ بے شک اگلا سبق بھی شروع کریں۔ اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے اور آپکے اور محترم شفیع صاحب کے درجات خوب بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

دعاء میں یاد رکھیں۔ سب عزیزوں کو سلام مسنون و دعا جب قبول ہو۔ فقط والسلام

[illegible]

حیدرآباد ۲۲ ستمبر ۸۷ء   حامداً ومصلیاً

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ ملا۔ آپ کا خواب پڑھ کر دل پر بہت اثر ہوا۔
موتوا قبل ان تموتوا (مرجاؤ قبل اس کے کہ موت آئے)
ماشاء اللہ یہی کیفیت ہے اور آپ کی اعلیٰ ترقی کی
نشانی ہے۔ آپ اگلا سبق بھی شروع کریں۔ اللہ پاک
منظور و مقبول فرما کر اپنے مقبولین میں شمار فرمائے۔ آمین
ثم آمین ——— فقط والسلام

احقر۔ [illegible]

عزیز محترم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے خواب بہت مبارک ہیں ۔ آپ اگلا سبق بھی شروع کریں ۔ اللہ پاک منظور و مقبول فرمائے

آمین ۔

فقط والسلام

العبد [illegible]

91

یہ خواب علیحدہ ایک نوٹ بک میں لکھتے جائیں تاکہ آئندہ بھی شکر ادا کر سکیں ۔ الحمدللہ ۔ بارک اللہ

باسمہٖ سبحانہ و تعالیٰ

حیدرآباد

۳ر جون

عزیز مکرمی رشید احمد صاحب دام مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

92

آپ کو اجازت ہے کہ ماہانہ مراقبہ آپ کے گھر پر ہو۔ اللہ تعالیٰ منظور و مقبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

فقط والسلام

[illegible]

۲۸۶

حیدرآباد ۔ عابد آوسٹیل

93

۵ نومبر

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا ۔ آپ لوگ صبر اور

قناعت سے کام لیں ۔ صرف

میڈیکل میں روزی نہیں ہے

دنیا میں اس کے علاوہ بھی ہزاروں

ذریعے معاش کے ہیں ۔ آج کل

بس یہی ایک شوق رہ گیا ہے ۔

چند سال کے بعد ڈاکٹروں کو کوئی

پوچھے گا بھی نہیں ۔ اللہ پاک

آپ لوگوں کے لیے ہر طرح بہتری فرمائے

آمین ۔ ثم آمین

فقط والسلام

لطف صاحب

۴۸۶
حلدواد رمکیا

۹۶

حیدرآباد
۱۳ جنوری

عزیز مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا۔ اپنے مضمون کے کسی استاد سے مشورہ لے لیں کہ
کیا اور کتنا پڑھنا ہے۔ عشا کے فوراً سو جائیں اور
۳½-۴ بجے اٹھ کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس وقت
تھوڑا پڑھنا بھی بہت ہے۔

سونف (بغیر گھی تیل کے) بھون کر رکھ لیں۔ اکثر
کھاتے رہیں۔ دماغ، آنکھوں اور پیٹ سب کے لیے
بہت مفید ہے۔

فقط والسلام

دعا گو
[illegible]

بنام
آفتاب صاحب ابن رشید صاحب

۲۸۶
[illegible]

95

حیدرآباد
۲۵ ستمبر

عزیزی برخوردار سلمہ اللہ تعالیٰ
دعا و سلام مسنون

آپ کا خط ملا۔ یہ بات آپ اپنے والد صاحب سے بھی
معلوم کریں اور اُن سے اجازت لیں۔

فقط والسلام

[illegible]

بنام
دختر رشید صاحب

96

باسمہٖ — حامداً و مصلیاً

حیدرآباد
۱۳ مارچ

عزیز بیٹی دعا اور سلام مسنون

آج خط ملا۔ امرت دھارا ۴ یا ۵ قطرے
تھوڑی سی شکر میں ملا کر دن میں ۲ یا ۳ مرتبہ
کھلائیں — بازار میں مل جائے گا۔ ورنہ
اس طرح بنا لیں :-

اجوائن کا ست Thymol
پودینہ کا ست Menthol
کافور Camphor

ایک ایک تولہ لے کر شیشی میں رکھ لیں۔ پانی بن جائے گا۔
اللہ تعالیٰ جلد شفائے کامل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام

یعقوب — مصطفیٰ

96

مصنّف کی دیگر کتب

۱۔ خصائصِ نبوی ﷺ اور احکامِ اُمّت

۲۔ مولانا محمد قاسم نانوتویؒ۔ آثار وافکار (تحقیقی مقالہ)

۳۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان۔ اسناد واعزازات اور اساتذہ کے خطوط

۴۔ مجدّدِ اسلام

۵۔ سراج الادب

۶۔ مکتوباتِ زواریہ

۷۔ The Herald of Islam